Steve Kamper
Minister for Small Business
Minister for Lands and Property
Minister for Multiculturalism
Minister for Sport

**میڈیا ریلیز**

# کثیرالثقافتی عوامی سطح کے تہواروں و تقریبات کے لیے $600,000 سے زیادہ کے انعامات دیئے گئے ہیں

18 جولائی 2023

NSW کی حکومت نے NSW بھر سے ان 81 کمیونٹی تنظیموں کا اعلان کیا ہے جو کثیر الثقافتی NSW Stronger Together فیسٹیول و ایونٹ گرانٹ پروگرام کے کامیاب شرکاء تھے۔

یہ کمیونٹی تنظیمیں اگلے آٹھ مہینوں میں عوامی سطح پر تہواروں اور تقریبات کی میزبانی کے لیے $630,000 سے زیادہ کی رقم میں شراکت دای کریں گیں۔

یہ فیسٹیول اور ایونٹ گرانٹس پروگرام کمیونٹیوں میں سرمایہ کاری کرتا ہے اور NSW بھر میں جو دنیا کی متنوع ترین ریاستوں میں سے ایک ہے ثقافتی تنوع کا ہماری شناخت اور طرز زندگی کے ایک قیمتی حصے کے طور پرجشن مناتا ہے۔

پروگرام کے اس دور میں Dubbo کی ORISCON، Albury Wodonga Ethnic Communities Council اور Mt Druitt کی سینٹ میری کی ایتھوپیا کی خواتین کی ایسوسی ایشن ( St Mary's Ethiopian Women's Association) جیسی تنظیمیں کمیونٹیوں کی ایک وسیع رینج کے ساتھ مل کر تہواروں اور تقریبات کا انعقاد کرتی ہوئی نظر آئیں گی۔

فیسٹیول اور تقریبات کی گرانٹس $5,000 سے $15,000 تک کی رقم پر مشتمل ہوتی ہیں۔

مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: https://multicultural.nsw.gov.au/multicultural-nsw-grants/

**NSW کے وزیر برائے ملٹی کلچرلزم Steve Kamper نے کہا ہے:**

"شمال میں Tweed، جنوب میں Albury اور مغرب میں Dubbo سے آگے تک، ہم عوامی سطح کے تہواروں اور تقریبات میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ مقامی لوگوں کو اپنی ثقافت کو منانے اور اس کا اشتراک کرنے میں مدد ملے۔"

"اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ NSW میں کہاں رہتے ہیں یا کہاں گھومنے جاتے ہیں، آپ کو اس عظیم ریاست کو تشکیل دینے والے متنوع لوگوں کی بہت سی شاندار ثقافتوں سے لطف اندوز ہونے کا ایک موقع ملے گا۔"

**میڈیا:** Jonathan Symons | **Minister Kamper** | 0407488158